# عبداللہ شاہ غازی شوگر ملز لمیٹڈ

## اطلاع برائے

## چھتیسواں سالانہ اجلاس عام

عبداللہ شاہ غازی شوگر ملز لمیٹڈ ("کمپنی") کے ممبران کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی کا چھتیسواں سالانہ اجلاس عام 27 فروری بروز جمعرات، 2020ء کو صبح 09:00 بجے ڈائمنڈ بینکوئٹ، پلاٹ نمبر C-36- ایکسٹینشن گلشن حدید، فیز-1، کراچی پر مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد کیا جائے گا:

1۔ سالانہ اجلاس عام منعقدہ 28 جنوری، 2019ء کی کاروائی کی توثیق۔

2۔ 30 ستمبر، 2019ء کو مکمل ہونے والے سال کیلئے آڈٹ شدہ مالی گوشواروں معہ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور وخوض اور منظوری۔

3۔ آئندہ مدت کیلئے کمپنی کے آڈیٹرز کا انتخاب اور ان کے مشاہرے کا تعین۔ آڈٹ کمیٹی اور بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز میسرز سرورز، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس، جنہوں نے اہلیت کی بنیاد پر دوبارہ تقرری کی پیشکش کی ہے کی دوبارہ تقرری کی تجویز پیش کی ہے۔

4۔ چیئرمین کی منظوری پر دیگر امور کی انجام دہی۔

بحکم بورڈ
سلیم عباس
کمپنی سیکریٹری

لاہور:
6 فروری، 2020ء

1۔ اجلاس ہذا میں شرکت اور رائے دہی کا/ کی اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت کرنے اور رائے دہی کیلئے دوسرے ممبر کو اپنا پروکسی مقرر کرسکتا/ سکتی ہے۔ پروکسی کی تقرری کے دستاویزات اجلاس ہذا کے انعقاد سے کم ازکم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ پتہ پر موصول ہو جانے چاہئیں۔

2۔ ممبران، جنہوں نے اپنے شیئرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ میں جمع کرائے ہیں کو ہدایت کی جاتی ہے کہ اجلاس کے مقام پر اپنا اصل قومی شناختی کارڈ سی ڈی سی شریک آئی ڈی اور اکاؤنٹ نمبر کے ساتھ اپنے ساتھ لائیں۔

3۔ ممبران، جنہوں نے اپنے شیئرز سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ (CDC) میں جمع کرائے ہیں سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ ہدایات کی پیروی کرنی ہوگی۔ پروکسی فارم، انگریزی اور اردو دونوں زبانوں میں اجلاس کے نوٹس کے ساتھ ہماری ویب سائٹ www.asgsml.com پر دستیاب ہے۔

**الف)۔ اجلاس میں شرکت کیلئے:**

i)۔ افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا فرد کو جن کی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات قوائد کے مطابق اپ لوڈ ہوں، یعنی شناخت کیلئے اصل سی این آئی سی یا/ اصل پاسپورٹ اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوگا۔

ii)۔ کارپوریٹ انٹائٹی کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی معہ نامزد فرد کے دستخطی نمونے (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) اجلاس کے موقع پر پیش کرنا ہوگا۔

**ب)۔ پراکسی کی تقرری کیلئے:**

i)۔ افراد کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/ یا شخص کی جنکی سیکورٹیز گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن تفصیلات قوائد کے مطابق اپ لوڈ ہوں، پروکسی فارم مندرجہ بالا شرائط کے مطابق جمع کروانا ہوگا:

ii)۔ پروکسی فارم پر دو اشخاص کی گواہی ہونی چاہئیں جن کے نام، پتہ اور سی این آئی سی نمبرز فارم میں درج ہو۔

iii)۔ ممبران اور پروکسی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں پروکسی فارم کے ہمراہ منسلک ہونا چاہئے۔

iv)۔ پروکسی کو اجلاس کے موقع پر اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔

v)۔ کارپوریٹ انٹائٹی کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی معہ نامزد فرد کے دستخط کا نمونہ (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) پروکسی فارم کے ہمراہ کمپنی کو پیش کرنا ہوگا۔

4۔ ممبران سے درخواست ہے کہ اپنے پتے میں تبدیلی کی صورت میں بروقت آگاہ کریں۔

5۔ کمپنیز ایکٹ، مجریہ 2017ء کے قوانین کے مطابق، ایک شہر میں مقیم حصص یافتگان اور مجموعی طور پر کُل ادا شدہ شیئر کیپٹل کا کم ازکم 10 فیصد کے حامل کمپنی سے اجلاس میں شرکت کرنے کے لئے ویڈیو لنک کی سہولت فراہم کرنے کا مطالبہ کرسکتے ہیں۔ ویڈیو لنک کی سہولت کا مطالبہ شیئر رجسٹرار کو مندرجہ بالا دئے گئے پتے پر اجلاس کی تاریخ سے کم ازکم سات (07) دن قبل اسٹینڈرڈ فارم جسے کمپنی کی ویب سائٹ www.asgsml.com سے ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے پر موصول ہو جانا چاہئے۔

6۔ کمپنی نے 30 ستمبر، 2019ء کو مکمل ہونے والے سال کے لئے آڈٹ شدہ مالی گوشوارے آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز کی رپورٹ اور چیئرمین کی جائزہ رپورٹ کے ساتھ اپنی ویب سائٹ www.asgsml.com پر ڈال دی ہے۔

**کتب بندش:**

کمپنی کا رجسٹر 21 فروری، 2020ء تا 27 فروری، 2020ء (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ کمپنی کے آزاد شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک-B، ایس۔ ایم۔ سی۔ ایچ۔ ایس، مین شارع فیصل، کراچی کے دفتر میں 20 فروری، 2020ء بروز جمعرات کو کاروبار کے اختتام کار (شام 5:00 بجے) تک موصول ہونے والی منتقلیاں سالانہ اجلاس عام میں شرکت ورائے دہی کیلئے حصص یافتگان کے استحقاق کے تعین کیلئے بروقت سمجھی جائیں گی۔